## بریسٹ کینسر کی اسکریننگ کی دعوت

ڈنمارک میں، 50 سے 69 سال کی عمر کی خواتین کو ہر دو سال بعد بریسٹ کینسر کی اسکریننگ کی پیشکش کی جاتی ہے۔ جن خواتین کو پہلے بریسٹ کینسر ہو چکا ہے ، انہیں 79 سال کی عمر تک مدعو کیا جاتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ بریسٹ کینسر کو جلد دریافت کیا جائے ، کیونکہ اس سے علاج اور صحت یابی کے امکانات بہتر ہوتے ہیں۔ میموگرافی میں دونوں چھاتیوں کے ایکس رے کیے جاتے ہیں۔ اس میں 5 سے 10 منٹ لگتے ہیں۔ شرکت رضاکارانہ اور مفت ہے۔

آپ کا وقت پہلے ہی اس خط میں محفوظ ہے جو آپ کو آپ کے ڈیجیٹل میل میں موصول ہوا ہے۔

**اگر آپ پیشکش استعمال نہیں کرنا** چاہتیں **تو آپ اپنی اپائنٹمنٹ تبدیل کر سکتی ہیں یا منسوخ کر سکتی ہیں**
اس طرح، کوئی اور خاتون آپ کے وقت سے فائدہ اٹھا سکتی ہے۔ آپ وقت تبدیل سکتی ہیں یا اپنے علاقے کو کال کر کے منسوخ کر سکتی ہیں ۔ یہاں آپ اسکریننگ سے نام خارج کروا سکتی ہیں بھی اگر آپ مستقبل میں مزید دعوت نامے وصول نہیں، کرنا چاہتیں

**آپ اپنے علاقے سے رابطہ کر** سکتی ہیں **اس سے پہلے کہ آپ پہنچیں،**

- اگر آپ نے پچھلے سال میں میموگرافی کروائی ہے
- اگر آپ وہیل چیئر استعمال کرتی ہیں ،
- اگر آپ کو اضافی وقت چاہیے
- اگر دونوں چھاتیاں نکال دی گئی ہوں
- اگر آپ کوپہلے بریسٹ کینسر ہو چکا ہے اور آپ چیک اپ کے لیے جاتی ہیں

**میموگرافی کا جواب**
عام طور پر آپ کو میموگرافی کے نتائج دو ہفتوں کے اندر مل جائیں گے۔

**اگر آپ کو چھاتی سے متعلق علامات ہیں تو اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں**
اگر آپ کو چھاتی سے متعلق علامات ہیں تو یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ چاہے آپ نے ابھی میموگرافی کروائی ہو، کیونکہ بریسٹ کینسر دو میموگرافیوں کے درمیان بھی ہو سکتا ہے۔

**مزید پڑھیں**
ڈینش ہیلتھ اتھارٹی کی ویب سائٹ پر، آپ انگریزی، عربی، ترکی، اردو اور صومالی زبانوں میں بریسٹ کینسر کی اسکریننگ کے بارے میں مزید پڑھ سکتی ہیں:
https://sst.dk/da/udgivelser/2023/Information-om-screening-for-brystkraeft

خیر اندیش، آپ کی ریجن